جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

نیپا کے زیر تربیت اعلیٰ افسران کی دارالعلوم آمد:

مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ گریڈوں کے افسران کو نیپا اور دیگر اکیڈمیاں خصوصی تربیتی کورس کراتی ہیں جس میں کمشنر اور سیکرٹری سطح کے افراد شامل ہوتے ہیں۔ نیپا لاہور کے دعوت پر پچھلے ماہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے لاہور جاکر دہشت گردی اور اسلام کے موضوع پر درس دیا۔ ان لوگوں نے دارالعلوم حقانیہ دیکھنے اور مدرسے کے نظام کے مطالعہ کی خواہش ظاہر کی۔ مولانا نے بخوشی منظوری کی۔ چنانچہ جنرل سکندر شامی کے متبادل نیپا کے سربراہ جناب راحت امین کی قیادت میں چالیس رکنی ارکان نے دارالعلوم کا دورہ کیا اور دو ڈھائی گھنٹے مولانا سمیع الحق کے ساتھ سوال وجواب کی مجلس رہی۔ دوسری جماعت سی ایس پی کے زیر تربیت افسران پر مشتمل جناب جنرل سکندر شامی (جو مشہور شہید شامیؒ کے فرزند ہیں) کی قیادت میں مورخہ ۱۴ مئی بروز اتوار کو دارالعلوم کا عائنہ کیا۔ اور مولانا نے انہیں نصاب نظام تعلیم مدارس کی تاریخ اور امت کو درپیش عالمی مسائل پر بریفنگ دی اور ان کے سوالات و خدشات کا ازالہ کیا دونوں جماعتوں کو مولانا مدظلہ کی رہائش گاہ پر ظہرانہ دیا گیا۔

امام حرم مکی چیئرمین سعودی مجلس شوریٰ کو سپاسنامہ: حرم مکی کے امام وخطیب اور سعودی عرب کے مجلس شوریٰ کے چیئرمین فضیلۃ الشیخ صلاح بن عبداللہ بن حمید چیرمین سینٹ آف پاکستان جناب محمد میاں سومرو کی دعوت پر پاکستان کے چار روزہ دورے پر تشریف لائے۔ سینٹ کی طرف سے مرتب پروگراموں اور تقاریب میں مولانا سمیع الحق مدظلہ میزبان کے طور پر شریک رہے۔ جناب علی عواد العسیری سفیر سعودی عرب کے گھر پر دیئے گئے عشائیہ میں جن میں ملک کے نہایت اعلیٰ اور سرکردہ شخصیات موجود تھیں، سعودی سفیر کی خواہش پر مولانا نے انہیں حسب ذیل سپاسنامہ پیش کیا جس میں سینٹ، پارلیمنٹ اور پوری قوم کی ترجمانی کی گئی ہے۔

صاحب السعادة معالی الشیخ صالح بن عبدالله بن حمید الموقر امام الحرم المکی ورئیس مجلس الشوری للمملکة العربیة السعودیة وجمیع معالی المشائخ الموقرین فی الوفد المرافق

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته: اهلاً و سهلاً ویا الف مرحبابکم

ایها اضیوف الکرام والواردون العظام!

بعد إهداء أطیب تمنیاتنا بدوام الصحة لمعالیکم نحن الشعب الباکستانی وجمیع المشائخ والعلماء ورجال الدین وأعضان البرلمان وخاصة مجلس الشیوخ الباکستانی